# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

## شیڈول انٹرمیڈیٹ امتحانات

**مورخہ 11-02-2026**

عنوان: **انٹرمیڈیٹ اور علوم السنہ شرقیہ فرسٹ سالانہ (First Annual) امتحانات 2026ء کے آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی کی وصولی کا ترمیمی شیڈول۔**

بورڈ ہذا سے جاری شدہ شیڈول داخلہ نمبر 393 / میٹنگ مورخہ 17-01-2026 کے تسلسل **نمبر 394 / میٹنگ** میں جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ اور علوم السنہ شرقیہ فرسٹ سالانہ (First Annual) امتحانات 2026ء کا انعقاد **مورخہ 20 مئی 2026ء بروز بدھ** سے ہوگا۔ اس امتحان میں شامل ہونے والے جملہ ریگولر اور پرائیویٹ امیدواران کے داخلہ فارم آن لائن کرنے اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی و داخلہ فیس کے بینک چالان کی بورڈ ہذا میں وصولی کا ترمیمی شیڈول درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | شیڈول | ریگولر / پرائیویٹ امیدواران کیلئے |
|---|---|---|
| 1 | بغیر لیٹ فیس کے | 19-01-2026 تا 19-02-2026 |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ | 20-02-2026 تا 02-03-2026 |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ | 03-03-2026 تا 12-03-2026 |

**الف۔ داخلہ فیس، پروسیسنگ فیس، سرٹیفکیٹ فیس / ڈویلپمنٹ فنڈ کی شرح**

| تفصیل | سنگل پارٹ (ریگولر) | سنگل پارٹ (پرائیویٹ) | پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ / کمپوزٹ (ریگولر) | پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ / کمپوزٹ (پرائیویٹ) |
|---|---|---|---|---|
| سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو | 850 | 900 | 1700 | 1800 |
| آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو | 800 | 850 | 1600 | 1700 |
| پروسیسنگ فیس | 730 | 730 | 730 | 730 |
| ڈویلپمنٹ فنڈ | 300 | 300 | 300 | 300 |
| سرٹیفکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ) | 930 | 930 | ---- | 930 |

**ب۔ علوم السنہ شرقیہ**

| داخلہ فیس | رجسٹریشن | ڈویلپمنٹ فنڈ | پروسیسنگ فیس | سرٹیفکیٹ فیس |
|---|---|---|---|---|
| -/1000 روپے | -/1170 روپے | -/300 روپے | -/730 روپے | -/930 روپے |

**﴿1﴾ ضروری تاکید / ہدایات برائے سربراہان تعلیمی ادارہ جات / پرائیویٹ امیدواران۔**

(i) ایسے امیدواران جو بورڈ ہذا سے انرولمنٹ / رجسٹریشن نہیں کروا سکے تھے وہ داخلہ فیس کے علاوہ رجسٹریشن فیس = -/1170 روپے، سپورٹس فیس = -/200 روپے، سکالرشپ فیس = -/120 روپے (کل مبلغ -/1490 روپے) جمع کروائیں گے۔

(ii) تمام امیدواران سے QR کوڈ کی مد میں مبلغ -/95 روپے فیس وصول کی جائے گی۔

(iii) ایسے امیدواران جو قبل ازیں امتحانات میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے سند فیس جمع کروا چکے ہیں اب وہ سند فیس سے مستثنیٰ ہوں گے۔

(iv) تین گنا فیس کا شیڈول ختم ہونے کے بعد مبلغ -/500 یا -/100 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے والے امیدواران کا امتحانی مرکز بورڈ قوانین کے مطابق تحصیل ہیڈ کوارٹر ہوگا۔

(v) کمپارٹمنٹ کی صورت میں امتحان دینے پر متعلقہ گروپ ﴿سائنس / آرٹس﴾ کی پوری داخلہ فیس وصول کی جائیگی۔

(جاری ہے)

11/02/2026

**﴾2﴿ پرائیویٹ امیدواران متوجہ ہوں کہ:۔**

(i) بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام پرائیویٹ امیدواران کو یہ سہولت دی گئی ہے کہ وہ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk پر اپنے داخلہ فارم آن لائن سسٹم کے تحت فیڈ کرنے کے بعد داخلہ فارم اور فیس چالان کی ہارڈ کاپی کا پرنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

(ii) آن لائن پرنٹ شدہ داخلہ فارم اپنی رہائش کے قریب ترین کسی بھی گورنمنٹ/الحاق شدہ کالج/ہائیر سیکنڈری سکول کے پرنسپل سے تصدیق کروا کر اور مجوزہ فیس بذریعہ UBL بینک، 1 Bill، Easy Paisa یا Jazz Cash جمع کروا کر اصل داخلہ فارم واصل فیس چالان بمع CPR (Computerized payment receipt) مقررہ شیڈول کے اندر **اسسٹنٹ کنٹرولر انٹرمیڈیٹ (امتحانات)، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاول پور** کوارسال کریں گے۔

(iii) شیڈول/امتحانات سے متعلق تمام تر معلومات بورڈ کی ویب سائٹ "www.bisebwp.edu.pk" سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

**پروفیسر عدیل مالک چیمہ**
**سیکریٹری**

کاپی برائے اطلاع/ضروری کاروائی ۔

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز/کامرس کالجز)، واقع حدود تعلیمی بورڈ بہاول پور۔

(2) ڈائریکٹر تعلیم (کالجز)، بہاول پور ڈویژن، بہاول پور۔

(3) ممبران بورڈ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (سیکنڈری) اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (کالجز) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خان ۔

(4) جملہ افسران/برانچ انچارجز/PRO بورڈ ہذا۔

(5) مینجر، UBL بورڈ برانچ (مہربانی فرما کر بورڈ کی حدود میں واقع UBL کی تمام برانچز کو نوٹیفکیشن ہذا سے فوری طور پر آگاہ فرمائیں تاکہ شیڈول اور مجوزہ شرح کے مطابق داخلہ فیس و دیگر فیس وصول کی جا سکے)۔

(6) سسٹم اینالسٹ (برائے بورڈ ویب سائٹ)/نوٹیفکیشن فائل۔

11/02/26
**پی اے/ انچارج میٹنگ**